: اپنے پناہ کے انٹرویو یا ملاقات کی تیّاری
قانونی مدد کو پرکھنے کے بارے میں مفید مشورے

آپ کی پناہ کی ملاقات یا انٹرویو آپ کی زندگی کی سب سے ضروری ملاقات ہو سکتی ہے - چاہے یہ ملاقات یونان کی پناہ گزینوں کی تنظیم سے ہو یا اس ملک کے سفارت خانے یا قونصل خانے میں ہو، جو آپ کی درخواست پے نظر ثانی کر رہے ہوں کہ آپ کی ملاقات کے بعد آپ کے حق میں یا اس کے خلاف فیصلہ کیا جائے گا- ریفیوکوم کا مشورہ ہے کہ آپ اپنی ملاقات کی اچھی طرح تیاری کر لیں تا کہ پہلی ہی ملاقات میں آپ کے حق میں فیصلے کا بہترین موقع ہو-

جس دن آپ کی ملاقات ہو گی وہ ایک پر تھکان دن ہو گا - پناہ کی ملاقات یا انٹرویو کا دورانیہ عام طور پے تین گھنٹے ہوتا ہے- چودہ سال سے زیادہ عمر کے ہر فرد کا علیحدہ انٹرویو ہو گا -اس کا مطلب یہ ہے کہ خاندان کا ہر فرد جس کی عمر چودہ سال سے زیادہ ہو، اس کا علیحدہ انٹرویو ہوگا، اور باقی لوگ انتظار کریں گے-بعض اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ لوگ صبح انٹرویو کے لئے جاتے ہیں اور سارا دن لگانے کے بعد بھی ان کی بات مکمّل نہیں ہوتی لہٰذا انکو اگلے دن پھر بلایا جاتا ہے تا کہ ان کا انٹرویو یا بیان پورا کیا جا سکے-

آپ کو اپنا بیان ریکارڈ کروانے کے لئے جتنا وقت چاہیے ہو، آپ کا انٹرویو لینے والے کو آپ کو اتنا وقت دینا چاہیے اور آپ اپنے کیس سے متعلق جتنی زیادہ تفصیل بتانا چاہیں، بتا سکتے ہیں- اپنے انٹرویو یا ملاقات کی تیّاری کے لئے ، یہ ضروری ہے کہ ہر پناہ گزین کو تفصیل سے قانونی معاملات کا پتا ہونا چاہیے تاکہ وہ اس کے لئے پہلے سے تیّار رہے- اگر آپ کو اچھی قانونی مدد ملی ہو تو اس کا ایک فائدہ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ آپ کو اپنے حق میں پہلی ہی ملاقات میں ایک جائز فیصلہ حاصل ہو جائے-

آپ کو تمام مراحل میں **مفت قانونی مدد حاصل** کرنے کا حق حاصل ہے لیکن **وکیل کی خدمات** آپ کو صرف اس صورت میں ملیں گی جب آپ نے اپنے خلاف منفی فیصلے کے خلاف اپیل یا درخواست دینی ہو لیکن آپ کو اس کے لئے اپنا یہ حق مانگنا ہو گا- بعض اوقات کچھ غیر سرکاری تنظیمیں اس سے پہلے کے مرحلوں میں بھی قانونی مدد فراہم کر رہی ہیں- داخلے کے انٹرویو سے **" پہلے"** قانونی مشورہ حاصل کرنا بہتر ہے نہ کہ آپ کے انٹرویو کے بعد دعوے کے خلاف ایک منفی فیصلہ ملنے کے بعد-[1] زیادہ تر منفی فیصلہ صرف اس لئے ہوتا ہے کہ درخواست گزار نے اچھے طرح تیّاری نہیں کی ہوتی- اور وہ اپنے کیس کے بارے میں صحیح بات بتا نہیں سکتا یا بیان لینے والے کو اپنے کیس کے بارے میں سب سے ضروری بات یا ثبوت نہیں بتا پایا-

میں پناہ کے معاملات میں مہارت حاصل رکھنے والا وکیل کیسے ڈھونڈ سکتا ہوں؟

اس بات کا انتظار مت کریں کہ آپ کو کوئی کسی وکیل کا پتہ بتاۓ - آپ خود مقامی پناہ کے حکّام اور غیر سرکاری تنظیموں سے وکیل حاصل کرنے کے لئے اور اپنے انٹرویو کی تیّاری کے فیصلے کے خلاف اپیل کے لئے رابطہ کریں -

ذیل میں قانونی مدد فراہم کرنے والی کچھ تنظیموں کی فہرست ہے جن سے آپ رابطہ کر سکتے ہیں-

http://refucomm.com/infopacks/greece-mainland/living-in-greece/legal-help/en/greece-mainland_living-in-greece_legal-help_EN.pdf

براہ مہربانی وکیل حاصل کرتے ہوۓ سمجھداری کا مظاہرہ کریں اور وکیل کو ایک شخص کے طور پہ پرکھنے کی کوشش کریں کیونکہ تمام وکیل ایک جیسے نہیں ہوتے-

یہاں تک کہ ایک ہی تنظیم آپ کے لیے پہلے جیسی نہیں ہو سکتی اگر آپ کو اگلی بار کوئی اور وکیل مل جائے- ہماری تنظیم ریفیو کوم کے دیے ہوۓ وسائل سے مدد لیں- اس سے آپ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ وکیل آپ کا کیس صحیح طور پے لڑ رہا ہے یا نہیں-

ایسے لوگوں کی ذاتی راۓ لینا جن کو ایک وکیل کے اچھے کام کے بارے میں پتہ نہ ہو ، وکیل منتخب کرنے کا کوئی اچھا طریقہ نہیں- صرف اس لئے کہ کسی دوسرے مہاجر کا کیس کامیاب ہو گیا تھا چاہے اس کے وکیل کا مشورہ اچھا نہیں تھا ، ہو سکتا ہے کہ وہ کیس اتنا مضبوط تھا کہ انٹرویو یا بیان لینے والے نے اس کو سنتے ہی اس کے حق میں فیصلہ دے دیا ہو اور وکیل کے مشورے کا کوئی خاص اثر نہ ہوا ہو -

سرکاری اور غیر سرکاری تنظیموں کی فراہم کی ہوئی مفت قانونی مدد حاصل کریں- وکیلوں سے خود ملاقات کریں اور پھر اس بات کا فیصلہ کریں کہ آپ نے کس پے اعتبار کرنا ہے - صرف یہ سوچ کے ان پر اعتبار نہ کر لیں کہ وہ سرکار نے آپ کو فراہم کیے ہیں - زیادہ تر وکیلوں کو اس بات کی تربیت دی جاتی ہے کہ وہ اپنے موؤکّل کو بہترین قانونی مدد فراہم کریں- اور اگر وہ آپ کا کیس لیتے ہیں تو وہ آپ کو بہترین قانونی مدد فراہم کریں گے- وہ وکیل جو کسی قانونی مدد فراہم کرنے والے تنظیم سے تعلّق نہیں رکھتے ، ان کو پناہ کے معاملات میں کم مہارت ہوتی ہے- چاہے وہ آپ سے فیس لینے کے لئے آپ کو یہ دکھانے کی کوشش کریں گے کہ وہ اس کام کو جانتے ہیں -

بعض علاقوں میں جیسے کے ایتھنز میں ، اتنی زیادہ مفت قانونی مدد موجود ہے کہ آپ فیصلہ کرنے سے پہلے کچھ وکیلوں سے ملاقات کر سکتے ہیں تا کہ آپ ان میں سے سب سے زیادہ قابل اعتبار وکیل کا انتخاب کر سکیں- لیکن قانونی مدد کی کمی ضرور ہے کیونکہ بہت سارے پناہ گزینوں کو اس کی ضرورت ہے- اس لیۓیہ بہت ضروری ہے کہ آپ انکو بتا دیں کہ آپ ان کی خدمات حاصل کر رہے ہیں یا نہیں-اسی طرح وکیل کو بھی آپ کو صاف بتانا چاہیۓ کہ وہ آپ کا کیس لے رہا ہے یا نہیں- اگر وہ آپ کا کیس لینے پے راضی نہیں تو آپ اس سے پوچھ سکتے ہیں کہ آپ کو قانونی مدد کہاں سے مل سکتی ہے- اگر آپ کو اپنے حقوق کے مطابق مفت قانونی مدد نہیں ملتی ، تو اس کے لئے دوبارہ اصرار کریں اور متعلّقہ حکّام سے شکایات کریں-

براہ مہربانی ہماری تنظیم رفیو کوم کو بھی بتایئں تا کہ ہم بھی آپ کو قانونی مدد کی فراہمی کے لئے کوشش کر سکیں، جو آپ کو سرکاری طور پے ملنی چاہیۓ-

مجھے کیسے پتا چلے گا کہ وکیل اچھا ہے؟

کسی بھی وکیل کے ساتھ پناہ کے انٹرویو یا بیان کی تیّاری کے لیۓ ہر شخص کو وکیل کے ساتھ کم از کم ایک سے دو گھنٹے کی ملاقات کرنی چاہیۓ- یا اگر یہ پورے خاندان کا معاملہ ہے تو سب کو، اگر آپ کے حالات ملتے جلتے ہیں- اگر وکیل آپ کو دس سے تیس منٹ تک کا وقت یا اس سے بھی کم وقت دیتا ہے تو اس کا مطلب ہے کہ وہ آپ کو داخلے یا آپ کے دعوے کی قبولیت کے انٹرویو کے لیۓ پورا وقت نہیں دے رہا- اس کا انحصار اس بات پے بھی ہے کہ آپ کا کیس کیسا ہے -اگر آپ نے ریفیو کوم کی دستاویزی فلم سنی یا دیکھی ہے اوروکیل سے پہلی ملاقات سے پہلے معاملات کی تفصیل جانتے ہیں تو آپ وکیل سے بہتر طور پے سوال جواب کر سکتے ہیں - اگر آپ قانونی معاملات کو وکیل سے ملنے سے پہلے اچھی طرح سمجھتے ہیں تو آپ کو خود پتہ چل جایٔے گا کہ آپ نے کس قسم کے سوال پوچھنے ہیں اور وکیل بھی آپ کو صحیح طور پے جواب دے سکتا ہے آپ بھی اپنے سے متعلق اس کا مشورہ صحیح طور پے یاد رکھ سکتے ہیں اگر آپ کے پاس پناہ کے معاملات کے بارے میں مفصّل معلومات ہیں- کہ کس طرح آپ کی کہانی کو پرکھا جایٔے گا اور پہلے کیا ہوگا اور بعد میں کیا-یہ سب کچھ آپ کو وکیل سے ملنے سے پہلے پتا ہونا چاہیۓ-

ہمارے مشورے کے مطابق آپ کو درج ذیل چیزیں پڑھنی چاہیٔیں:

اپنی مدد آپ کے تحت داخلے کے انٹرویو کی تیّاری : اس کتابچے میں آپ کو 'داخلے ' کے انٹرویو کے بارے میں بتایا جایٔے گا جس کے بعد یہ فیصلہ ہوگا کہ آپ کی درخواست کا ترکی میں جائزہ لیا جایٔے گا یا یونان میں-

یونان کی پناہ کی تنظیم کے ساتھ اپنی ملاقات یا انٹرویو کی تیّاری : اس کتابچے میں آپ کو بتایا جایٔے گا کہ یونان میں پناہ کے عام انٹرویو یا ملاقات کی تیّاری کیسے کی جایٔے اس میں آپ کو یہ بھی بتایا جایٔے گا کہ انٹرویو کی تیّاری کیسے کی جاتی ہے - اس میں آپ کو وہ نکتے سکھاۓ جاتے ہیں جن سے پناہ کے دعوے کو پرکھا جاتا ہے اور بیان ریکارڈ کرنے والے آپ کی سچّائ جانچتے ہیں-

اس میں آپ کو کچھ مشورے بھی دیۓ جاتے ہیں کہ انٹرویو کی تیّاری کے لیۓ کیسے اپنے واقعات کو یاد کر کے لکھا ہے-

براہ مہربانی ہماری دستاویزی فلم یو ٹیوب پر ضرور دیکھیں- جو ہماری ویب سایٔٹ پر موجود ہے-

ایک منفی فیصلے کے خلاف اپیل یا درخواست کا حق

اگر آپ اپنے خلاف ایک منفی فیصلے کے خلاف اپیل دائر کرنے کے لیۓ کسی وکیل کو ڈھونڈنا چاہتے ہیں تو اس کتابچے میں آپ کو یہ بتایا جایٔے گا کہ آپ کن وجوہات کی بنیاد پر اپیل دائر کر سکتے ہیں - ایسا کوئی بھی ثبوت جو آپ نے پہلے انٹرویو میں نہ پیش کیا ہو ، وہ منفی فیصلے کے خلاف اپیل یا درخواست میں ضرور ہونا چاہیۓ جس کو ایک نیا ثبوت سمجھا جایٔے گا -

پناہ کے انٹرویو یا ملاقات کے بارے میں مددگار کتابچہ (یہ ابھی تیار نہیں ہوا)

یہ کتابچہ "پناہ کی ملاقات کی تیّاری" کی بنیاد پر تیّار کیا گیا ہے - اس میں ایک سوالنامے کے ذریعےآپ کو کہاں، کب، کون ، کیسے اور کیوں کی بنیاد پر اپنی کہانی تیّار کرنے کے بارے میں بتایا جایٔے گا-

جب آپ یہ دستاویزی فلم دیکھ لیں اور یہ مواد پڑھ لیں تو آپ کو انٹرویو کی تیّاری کے بارے میں کافی کچھ پتا چل جانا چاہیے- اس سے آپ کو یہ بھی پتہ چا جائے گا کہ کیا وکیل ایسے سوال پوچھ رہا ہے جس سے وہ معاملے کی گہرائی کا اندازہ لگا سکے اور آپ کی کہانی کی تفصیلات جان سکے جس سے آپ کو انٹرویو کی تیّاری میں کافی مدد ملے گی-

ذیل میں دیا گیا ایک سوالنامہ ہے جس کی مدد سے آپ اس بات کا اندازہ لگا سکتے ہیں کہ آپ کو کس قسم کی قانونی مدد مل رہی ہے-

اپنے پناہ کے انٹرویو یا ملاقات کی تیّاری کا سوانامہ :
یہ کیسے معلوم کیا جائے کہ آپ کو ملنے والی قانونی مدد کیسی ہے

- وکیل سے آپ کی پہلی ملاقات میں، کیا وہ آپ کا کیس سمجھنے کے لئے سوال پوچھ رہا تھا یا تھی جیسے:
  - o آپ کا کیس کہاں تک پہنچا ہے؟
  - o اس وقت آپ کے کیا حالات ہیں اور اس سے پہلے کیا حالات تھے؟
- کیا وکیل نے آپ کو بلکل واضح الفاظ میں بتایا تھا کہ وہ آپ کے لئے کیا کریں گے ، جیسے:
  - o آپ کے کیس کو اچھے طرح پڑھیں گے ؟
  - o اپنی کمپنی یا تنظیم میں آپ کے لئے موزوں وکیل کا انتخاب کریں گے جو آپ کا کیس لے سکے
  - o آپ کے کیس کے صرف اگلے مرحلے تک ساتھ دینے کا وعدہ
  - o آپ کے کیس کو اس وقت تک لے کے چلنے کا وعدہ جب تک اس کا فیصلہ نہ ہو جائے
- کیا وکیل آپ کے ملک کے حالات سے واقف ہے ، جس کی وجہ سے لوگ مہاجر بننے پر مجبور ہوں
  - o اگر نہیں تو کیا وکیل نے آپ کے ملک کے حالات کے بارے میں تحقیق کی ؟
  - o کیا وکیل نے آپ کے ملک سے متعلق جاننے کا لئے EASO اور GAS کوآپ کے انٹرویو کی تاریخ سے پہلے کی درخواست دینے کی حامی بھری ؟
- کیا وکیل نے آپ کو تفصیل سے بتایا کہ:
  - o پناہ کے کیا نکتے ہیں اور تا کہ آپ کو یہ پتہ چل جائے کہ آپ کے کیس پے کونسا نکتہ پورا اترتا ہے اور پھر آپ وکیل کو وہ بتا سکیں؟
  - o خاص پیچیدگیوں کا مطلب جیسے کہ "اپنے دعوے کو ثابت کرنا" یا "سچّائ پرکھنے کا میعار " کیا ہوتا ہے؟
  - o اور یہ کہ آپ کو اپنی کہانی کیسے سنانی ہے جس میں کون، کہاں، کیا، اور کب جیسے سارے حالات اور سوالوں کے جواب ہوں ؟
- کیا وکیل نے آپ کے ساتھ انٹرویو کی مشق کی ہے ؟
  - o کیا وکیل نے آپ کو کہا کہ آپ اسکو اپنی ساری کہانی سنایئں ، تمام تفصیلات کے ساتھ، تا کہ پناہ کے لئے جو ضروری نکات ہیں وہ اس میں شامل ہوں؟
  - o کیا وکیل نے آپ کو انٹرویو کی مشق کے دوران یہ بتایا ہے کہ اپنی کہانی مکمّل تفصیل سے، ایک جامع طریقے سے اور سچّائ سے سنانے کا کیا مطلب ہے؟

- کیا وکیل نے آپ کو تفصیل سے بتایا ہے کہ :
  - o آپ کی کہانی کے وہ حصّے جو پناہ کے اصولوں پے پورے اترتے ہیں، ان کو اپنے انٹرویو یا ملاقات کے دوران یاد رکھنا ضروری ہے ، اور یہ کہ ہو سکتا ہے کہ آپ اس وقت کچھ پریشان ہوں؟
- کیا وکیل آپ سے چبھتے ہوئے سوال کرتا ہے ،ایک غیر جانبدارانہ طریقے سے، آپ کو کوئی اشارہ دیے بغیر جس سے آپ کے اصل انٹرویو میں آپ کی سچائی ثابت کرنے پر برا اثر پڑ سکتا ہے ؟
  - o کیا وکیل نے آپ کو اپنے سارے حالات ایسے سنانے کے لئے سمجھایا ہے کہ کہانی بلکل صاف اور واضح ہو، بلکل سچائی کے ساتھ اور ایسے جیسے آپ نے اس کی پہلے سے مشق نہیں کی ہوئی ؟
- کیا وکیل نے آپ کو اپنی یاد دہانی کے لئے کچھ نکتے لکھنے کا موقع دیا ہے؟
- کیا وکیل نے آپ کو اپنے انٹرویو کی تیّاری کے لئے، اپنا دعویٰ ثابت کرنے کے لئے کاغذات، تصاویر اور دوسرے ثبوتوں کو دیکھا ہے ؟ اور ان کو پرنٹ کرنے میں مدد کی ہے؟
- کیا وکیل نے:
  - o آپ کو اپنی پوری بات سنانے کے لئے پورا وقت دیا ہے؟
  - o آپ جس کرب یا صدمے سے گزرے ہیں اس کے بارے میں آپ کے جذبات کا احساس کیا ہے؟
  - o آپ کو ذہنی طور پے پورے طریقے سے سکون حاصل کرنے کا موقع دیا ہے تا کہ آپ اپنی پوری اور جامع کہانی کون، کہاں، کیا، اور کب جیسی تفصیلات کے ساتھ اچھی طرح یاد کر کے سنا سکیں؟
- کیا وکیل نے اپ کو ضابطے کی کروائی پوری کرنے کے دوران اور اس کے بعد آپ کے حقوق بیان کیے ہیں ؟
- کیا وکیل نے آپ کو بتایا ہے کہ:
  - o آپ کے حقوق کیا ہیں؟
  - o اگر آپ کے خلاف ایک منفی فیصلہ آ گیا ہے تو اس کے خلاف اپیل دائر کرنے کی آخری تاریخ کا کیا مطلب ہو گا؟
  - o اپنی اپیل دائر کرنے کے لئے قانونی مدد کیسے حاصل کی جا سکتی ہے ؟
- وکیل کے ساتھ ملاقات ختم ہونے سے پہلے :
  - o آپ کے کیس کے بارے میں ضروری نکتے دہرائے ہیں اور اور آپ کو قانونی نکتے لکھنے کا مشورہ دیا ہے، تا کہ آپ وہ بھول نہ جائیں؟
  - o کیا آپ کو ان سے رابطہ رکھنے کے لئے ضروری معلومات فراہم کی ہیں تا کہ اگر آپ نے کوئی اور بات پوچھنی ہو یا کسی یاد دہانی کی ضرورت ہو؟

اگر مجھے وکیل قبول نہ ہو یا پسند نہ آیا ہو؟

اگر کسی وکیل کے ساتھ آپ کی ملاقات اچھی نہ رہی ہو تو ، یہ نہ سمجھ لیں کہ مفت فراہم کی گئ تمام قانونی مدد خراب ہے یا یہ کہ اپنے پیسے خرچ کر کے کوئی اور وکیل کرنے میں کوئی فائدہ ہو گا- پیسے خرچنے سے وکیل کو زیادہ اختیارات نہیں مل جاتے ؛ بلکہ اصل میں اختیارات کا اس سے کوئی تعلّق ہے ہی نہیں- اس کا تعلّق وکیل کی تفصیلات

میں دل چسپی ، اس کی وکالت کی مہارت اور اس کے صبر سے بات سننے سے ہے-
پناہ کے معاملات میں غیر سرکاری تنظیموں اور یونان اور یورپ کی حکومتوں نے جن وکیلوں کی خدمات جاصل کی ہیں، وہ ان کے قانونی علم ، وسیع تجربہ اور یونان کے پناہ کے طریقوں میں مہارت کی وجہ سے حاصل کی گئ ہیں- ان کی خدمات اگرچہ آپ کے لئے مفت ہیں لیکن اصل میں انکو اس کام کے حکومت یا غیر سرکاری تنظیموں سے پیسے ملتے ہیں-
اس وقت تک، ایسا کوئی غیر جانبدارانہ نظام موجود نہیں جس کی ذریعے سے مختلف وکیلوں کی طرف سے فراہم کردہ قانونی مدد کو ناپا جا سکے کہ وہ اچھے ہیں یا نہیں-
کچھ پناہ گزینوں کو اچھی قانونی مدد نہیں ملی جس کی وجہ سے ایک عام تا ثر یہ ہے کہ شاید تمام قانونی مدد جو مفت فراہم کی جاتی ہے، وہ اچھی نہیں ہے- کچھ پناہ گزین یہ سمجھتے ہیں کہ اگر انکا تجربہ اچھا نہیں رہا لیکن قانونی طور پے ان کے ساتھ بلکل درست طریقہ اختیار کیا گیا ، لہٰذا یہ ایک برا طریقہ ہے- کچھ وکیل حضرات بھی لوگوں کی مایوسی اور خوف سے فائدہ اٹھانے کی کوشش کرتے ہیں ، اور اپنے آپ کو پناہ کے معاملات کا ماہر ظاہر کر کے بہت زیادہ فیس حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہیں - جبکہ وہ ماہر نہیں ہوتے
پرائیویٹ وکیلوں سے ہوشیار رہیں کیونکہ انکا سرکاری طور پر فراہم کی گئ قانونی مدد سے کوئی تعلّق نہیں- اس بات کی کوئی گارنٹی نہیں، کہ ایک پرائیویٹ وکیل سرکاری طور پر فراہم کردہ وکیل سے بہتر ہوگا-
اور آخر میں ایک مرتبہ پھر ، اگر آپ کو اپنے حق کے مطابق مفت قانونی مدد نہیں مل رہی ، یا آپ کوایسا وکیل ڈھونڈنے میں مشکل ہو رہی ہے جو آپ کا کیس لے سکے ، تو آپ ریفیوکوم کو ضرور بتایئں تا کہ ہم آپ کی مشکلات کو سرکاری اداروں تک پہنچا سکیں-

[1]www.irishrefugeecouncil.ie/wp-content/uploads/2014/09/Providing-Protection_Access-to-ELA-for-asylum-seekers.pdf)

آئر لینڈ کی مہاجرین کی تنظیم کی دستاویز جس میں پناہ گزینوں کو پناہ کے دعوے کے اوائل میں قانونی مدد فراہم کرنے کی ضرورت پر زور دیا گیا ہے-